# 125810 ـ عیدین کے موقع پر بچوں کو عیدی دینے کا حکم

**سوال**

ہمارے چھوٹے بچے ہیں، اور ہمارے ملک میں یہ عادت بنی ہوئی ہے کہ انہیں عید الفطر یا عید الاضحی کے موقع پر عیدی دی جائے، جو کہ معمولی رقم کی صورت میں ہوتی ہے، مقصد یہ ہوتا ہے کہ بچے عید کے دن خوش ہو جائیں، تو کیا یہ عیدی دینا بدعت ہے یا اس میں کوئی حرج نہیں ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

"اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ہے؛ بلکہ یہ اچھی عادات میں سے ہے، یہ مسلمان کے دل کو خوش کرنے میں بھی شامل ہے، آپ کوئی چھوٹا ہو یا بڑا اسے خوش کر سکتے ہیں، شریعت مطہرہ نے اس کی ترغیب دلائی ہے ۔

اللہ تعالی عمل کی توفیق دینے والا ہے، درود و سلام ہوں ہمارے نبی محمد، آپ کی آل اور صحابہ کرام پر" ختم شد
دائمی کمیٹی برائے فتاوی و علمی تحقیقات

شیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز ۔ شیخ عبد العزیز آل شیخ ۔ شیخ صالح الفوزان ۔شیخ بکر ابو زید ۔

"فتاوى اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء" (26/247)

واللہ اعلم